روزنامہ راشٹریہ سہارا
نئی دہلی، 22 اپریل 2024، پیر
کھیل کھلاڑی
New Delhi, Monday 22, April 2024
SPORTS ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA

کولکاتا نائٹ رائیڈرس نے آر سی بی کو ایک رن سے ہرایا

شریاس ائیر نے سیزن کی پہلی نصف سنچری بنائی، رسل نے 3 وکٹ جھٹکے، رجت پاٹیدار اور ول جیکس کی نصف سنچری رائیگاں

کولکاتہ (یو این آئی) شریاس ائیر (50) اور فل سالٹ (48) کی شاندار اننگز اور پھر گیند بازوں کی شاندار کارکردگی کی بدولت کولکاتہ نائٹ رائیڈرز نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے 36 ویں مقابلے میں اتوار کے روز رائل چیلنجرز بنگلور کو ایک رن سے ہرا دیا۔ سات میچوں میں کولکاتہ کی یہ پانچویں جیت ہے۔ 223 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے آر سی بی کی شروعات اچھی نہیں رہی اور تیسرے اوور میں وراٹ کوہلی (18) کا وکٹ گنوا دیا۔ اگلے اوور میں کپتان فاف ڈوپلیسی بھی (7) رنز بنانے کے بعد پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد ول جیکس اور رجت پاٹیدار نے اننگ کو سنبھالا۔ دونوں کے درمیان تیسرے وکٹ کے لیے 101 رنز کی شراکت ہوئی۔ 12 ویں اوور میں رجت پاٹیدار کو رسل نے ہرشیت کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کرا دیا۔ رجت نے 23 گیندوں میں تین چوکے اور پانچ چھکے لگا کر 52 رنز بنائے۔ کیمرون گرین (6)، سویاش پربھودیسائی (24)، مہیپال لومرور (4) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ ول جیکس نے 32 گیندوں میں چار چوکوں اور پانچ چھکوں کی مدد سے 55 رنز بنائے۔ دنیش کارتک 18 گیندوں میں 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کرن شرما نے یادگار اننگ کھیلی انہوں نے سات گیندوں پر تین چھکے لگا کر ٹیم کو جیت تک پہنچا دیا تھا۔ لیکن کرن کے آؤٹ ہونے کے بعد لوکی فرگوسن بھی ایک رن پر رن آؤٹ ہو گئے اور ٹیم ایک رن سے ہار گئی۔ بنگلورو 20 اوورز میں 221 رنز پر سمٹ گئی۔ یہ بنگلورو کی آٹھ میچوں میں ساتویں شکست ہے۔ کولکاتہ کی جانب سے آندرے رسل نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ ہرشیت رانا اور سنیل نارائن کو 2-2 وکٹ ملے۔ ورون چکرورتی اور مچل اسٹارک نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل شریاس ائیر (50) اور فل سالٹ (48) کی شاندار اننگز کی بدولت کولکاتہ نائٹ رائیڈرز نے رائل چیلنجرز بنگلور کو جیت کے لیے 223 رنز کا ہدف دیا۔ آج یہاں ایڈن گارڈنز میں رائل چیلنجرز بنگلور کے کپتان فاف ڈوپلیسس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے اتری فل سالٹ اور سنیل نارائن کی بنگلورو کی سلامی جوڑی نے پہلے وکٹ کے لیے 56 رنز جوڑ کر اچھی شروعات کی۔ پانچویں اوور میں محمد سراج نے رجت پاٹیدار کے ہاتھوں فل سالٹ کو کیچ کروا کر بنگلورو کو پہلا جھٹکا دیا۔ فل سالٹ نے 14 گیندوں میں سات چوکے اور تین چھکے لگاتے ہوئے 48 رنز بنائے۔ اس کے اگلے ہی اوور میں سنیل نارائن (10) پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد انگکریش رگھوونشی (3)، وینکٹیش ائیر (16) بھی سستے میں آؤٹ ہو گئے۔

ٹینس اسٹار گاربائن موگوروزا کا ریٹائرمنٹ کا اعلان



کراکس (ایجنسیاں) سابق عالمی نمبر ایک کھلاڑی گاربائن موگوروزا نے 30 سال کی عمر میں پروفیشنل ٹینس سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے یہ فیصلہ اس لیے لیا ہے کیونکہ وہ کافی عرصے سے ٹینس سے دور ہیں۔ موگوروزا نے جنوری 2023 سے ٹینس نہیں کھیلی ہے۔ انہوں نے ہفتے کو میڈرڈ میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ریٹائر ہو کر اپنی زندگی میں ایک نیا باب کھولوں۔ موگوروزا واحد کھلاڑی ہیں جنہوں نے ولیمز بہنوں کو گرینڈ سلیم فائنل میں شکست دی۔ اس نے 2016 میں فرنچ اوپن کے فائنل میں سرینا ولیمز کو اور 2017 میں ومبلڈن کے فائنل میں وینس ولیمز کو شکست دی۔

وہیں ہسپانوی کھلاڑی موگوروزا نے کیریئر کے 10 ٹائٹل اپنے نام کیے ہیں۔ وہ 2015 ومبلڈن اور 2020 آسٹریلین اوپن میں رنر اپ تھیں۔ موگوروزا کے والد ہسپانوی ہیں۔ جبکہ والدہ کا تعلق وینزویلا سے ہے۔ موگوروزا ٹینس سیکھنے کے لیے بارسلونا چلے گئے۔ انہوں نے 2016 میں فرنچ اوپن جیتا تھا۔ وہ 1998 کے فرانسیسی اوپن میں Vicario Sánchez Arantxa کے بعد گرینڈ سلیم ٹرافی جیتنے والی پہلی ہسپانوی خاتون بن گئیں۔

بلراج پنوار نے پیرس اولمپک سیلنگ کوٹہ حاصل کیا

چنگجو (یو این آئی) بلراج پنوار نے ایشین اینڈ اوشینین روئنگ اولمپک کوالیفکیشن ریگاٹا میں مردوں کے سنگل اسکلز (ایم 1 ایکس) ایونٹ میں کانسے کا تمغہ جیت کر ہندوستان کا پہلا روئنگ پیرس اولمپک کوٹہ حاصل کیا۔ چنگجو، جنوبی کوریا میں منعقدہ مقابلے میں 25 سالہ پنوار نے ہیٹ میں 7:17.87 اور سیمی فائنل میں 7:16.29 کا وقت بنا کر چنگجو کے فائنل میں جگہ بنائی۔ بلراج پنوار 7:01.27 کے وقت کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔ قازقستان کے ولادسلاو یاکوولو نے 6:59.46 کے ٹائمنگ کے ساتھ ریس جیتی، جبکہ انڈونیشیا کے میمو نے 6:59.74 ٹائمنگ کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا۔ وہ گزشتہ سال چین کے ہانگ زو میں اپنے پہلے ایشین گیمز میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے سے محروم ہو گئے تھے۔ دریں اثنا، ٹوکیو کے اولمپیئنز اروند سنگھ اور اجول کمار نے بھی مردوں کے ہلکے ویٹ ڈبل اسکلز (ایل ایم 2 ایکس) میں کانسے کے تمغوں کے ساتھ اپنی دوڑ ختم کی۔ اس ایونٹ میں صرف ٹاپ دو نے پیرس 2024 کا کوٹہ حاصل کیا۔ اروند سنگھ اور ارجن لال جاٹ نے فائنل ریس میں 6:30.11 کا وقت رجسٹر کرنے سے پہلے ریپیچیج کے ذریعے فائنل میں جگہ بنائی، جاپان (6:23.94) اور ازبکستان (6:28.04) کی ٹیموں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ دریں اثنا، سلمان خان اور نتن دیول کی ہندوستانی مردوں کی ڈبل اسکلز جوڑی نے ایشین کوالیفائرز کے ساتھ ایک ساتھ منعقدہ ایشین روئنگ کپ میں 6:35.73 کے وقت کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا۔

سرویش کشارے نے دوسری بار ہائی جمپ کا خطاب جیتا

کیلیفورنیا (یو این آئی) ہندوستان کے سرویش کشارے نے ماؤنٹ ایس اے سی ریلے 2024 ایتھلیٹکس میٹ میں مردوں کا ہائی جمپ ایلیٹ ٹائٹل جیت لیا ہے۔

امریکہ میں کیلیفورنیا کے والنٹ میں ہلمر لاج اسٹیڈیم میں منعقدہ ہفتہ کو سرویش کشارے نے سیزن کے بہترین 2.23 میٹر جمپ کے ساتھ ماؤنٹ سیک ریلے 2024 ایتھلیٹکس میٹ میں خطاب جیتا۔

کشارے نے گزشتہ سال ہانگزو میں ایشین گیمز میں 2.26 میٹر کی کوشش کے ساتھ چوتھا مقام حاصل کیا تھا۔ وہ ماؤنٹ سین انٹونیو کالج میں 2.23 میٹر کے جمپ کے ساتھ پہلا مقام حاصل کیا۔ اس سے قبل انہوں نے 13 اپریل کو کیلیفورنیا میں برائن کلے انویٹیشنل میں 2.19 میٹر کی چھلانگ لگا کر ہائی جمپ کا ٹائٹل بھی جیتا تھا۔ انہوں نے 2.23 میٹر چھلانگ لگانے کے بعد 2.28 میٹر جمپ کرنے کی بھی کوشش کی لیکن تین کوششوں میں وہ کامیاب نہیں ہو سکے۔ کشارے کا ذاتی بہترین جمپ 2.27 میٹر ہے، جو انہوں نے 2022 میں گجرات میں نیشنل گیمز کے دوران حاصل کیا تھا۔

امریکہ کے کائل رولنز ماؤنٹ ایس اے سی ریلے میٹ میں 2.18 میٹر کے جمپ کے ساتھ دوسرے اور ان کے ہم وطن کیمرین گیریٹ 2.13 میٹر کی چھلانگ کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔

قابل ذکر ہے کہ مردوں کے ہائی جمپ میں قومی ریکارڈ تیجسون شنکر کے نام ہے جنہوں نے اپریل 2018 میں لببک میں ٹیکساس ٹیک انوائٹ میں 2.29 میٹر کے جمپ کے ساتھ یہ ریکارڈ اپنے نام کیا تھا۔

نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دی

راولپنڈی (ایجنسیاں) ٹی-20 سیریز کے تیسرے میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز 1-1 سے برابر کردی۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے میچ میں نیوزی لینڈ کے کپتان مائیکل بریسویل نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستانی ٹیم نے مقررہ اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 178 رنز بنائے۔ صائم ایوب 32، کپتان بابر اعظم 37، عثمان خان 4 اور شاداب خان 41 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، محمد رضوان 20 رنز بنا کر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے۔ محمد عرفان 30 اور افتخار احمد 2 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے ڈفی اور بریسویل نے ایک ایک جبکہ سوڈھی نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ پاکستان نے تیسرے ٹی-20 میچ میں فاسٹ بولر محمد عامر کی جگہ عباس آفریدی کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ نیوزی لینڈ کے کھلاڑی جوش کلارکسن اور بین لسٹر دونوں بیماری کے باعث میدان میں نہ آسکے۔ مہمان ٹیم کے دونوں کھلاڑیوں کی جگہ متبادل کھلاڑی نیوزی لینڈ میں شامل کیے گئے ہیں۔ زیک فولکس اور ولیم اورورک آج اپنا ڈیبیو میچ کھیل رہے ہیں۔ دوسرے ٹی-20 میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 7 وکٹوں سے شکست دی تھی جبکہ پہلا میچ بارش کی وجہ سے بے نتیجہ رہا تھا۔

بابر اعظم عمران خان کا ریکارڈ توڑنے سے محض 10 میچز دور

اسلام آباد (ایجنسیاں) قومی کرکٹ ٹیم کے موجودہ کپتان بابر اعظم 1992 میں پاکستان کو آئی سی سی ورلڈ کپ جتوانے والے لیجنڈری کرکٹر عمران خان کا ریکارڈ توڑنے سے محض 10 میچز دور رہ گئے۔ سابق لیجنڈری کرکٹر عمران خان نے بطور کپتان پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے 187 میچز میں قیادت کے فرائض نبھائے جس میں 89 فتوحات درج کیں جبکہ 67 میں شکست، 26 ڈرا اور ایک میچ ٹائی ہوا۔ فہرست میں بابر اعظم دوسری پوزیشن پر آگئے ہیں انہوں نے بطور کپتان پاکستان کی 138 میچز میں قیادت کی، جس میں 79 فتوحات حاصل کیں جبکہ 44 میں شکست، 4 ڈرا اور ایک میچ ٹائی ہوا۔

دھرم شالہ میں ملک کا پہلا ایس آئی ایس گراس ہائبرڈ پچ اسٹیڈیم ہوگا

شملہ (یو این آئی) ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن کرکٹ میں جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے میں ہمیشہ سب سے آگے رہی ہے۔ ریاست میں کرکٹ کی گورننگ باڈی ایچ پی سی اے نے حال ہی میں اپنی پریکٹس سہولیات میں ایس آئی ایس گراس ہائبرڈ پچ ٹکنالوجی متعارف کرانے کے لیے ایک دلچسپ پہل کی ہے۔ یہ اقدام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پریکٹس پچز اعلیٰ ترین معیار کی ہوں کیونکہ روایتی پچز سخت تربیتی نظام الاوقات کا مقابلہ نہیں کرسکتیں اور تیزی سے خراب ہو جاتی ہیں، جس سے کھلاڑیوں کے لیے پریکٹس کے قیمتی مواقع محدود ہو جاتے ہیں۔ ایس آئی ایس گراس، نیدرلینڈز میں قائم ایس آئی ایس پچز گروپ آف کمپنیوں کا حصہ دھرم شالہ کے خوبصورت ایچ پی سی اے اسٹیڈیم میں پہلی مرتبہ ہائبرڈ پچ کی تنصیب میں اپنی انقلابی سرمایہ کاری کے ساتھ ہندوستانی کرکٹ کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے تیار ہے۔ یہ جدید ٹیکنالوجی کھیلوں کے تجربے کو زیادہ پائیدار، مستقل اور اعلیٰ کارکردگی والی پلنگ پچ فراہم کر کے بدل دے گی۔ ایس آئی ایس جی گراس ٹیکنالوجی کھلاڑیوں کو تحفظ، پائیداری اور بہترین کھیلنے کی اہلیت کا بے مثال امتزاج فراہم کرتی ہے۔

ونیش پھوگاٹ نے وزن کم کرکے اولمپک کوٹہ حاصل کیا

بشکیش / کرغزستان (ایجنسیاں) اولمپک کوٹہ حاصل کرنے کے بعد راحت محسوس کرنے والی ونیش پھوگاٹ کا ماننا ہے کہ پیرس گیمز کی تیاری میں 50 کلوگرام کی سب سے کم کیٹیگری میں اپنا وزن برقرار رکھنا ان کے لیے چیلنجنگ ہوگا۔ ونیش نے ایشیائی اولمپک کوالیفائرز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا، جہاں اس نے کوئی بھی پوائنٹ کھوئے بغیر اپنا لگاتار تیسرا اولمپک کوٹہ حاصل کیا۔ سابق ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کے سربراہ برج بھوشن شرن سنگھ کی مخالفت کی وجہ سے ونیش تقریباً ڈیڑھ سال تک باقاعدہ مشق اور کھیلوں سے دور رہیں۔ اس دوران آخری پنگھل نے 53 کلوگرام زمرے میں کوٹہ حاصل کیا۔ ونیش طویل عرصے سے اس وزن کے زمرے میں چیلنج کر رہی ہیں۔ ملک کی سب سے کامیاب خاتون ریسلر کے پاس اولمپک کوٹہ کو یقینی بنانے کے لیے اپنے وزن کے زمرے میں تبدیلی کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا۔ ونیش نے 50 کلوگرام زمرے میں کوٹہ حاصل کرنے کے بعد کہا، مجھے اپنے وزن کو بہتر طریقے سے سنبھالنا ہے۔ میں نے اتنے عرصے کے بعد اپنا وزن 50 کلو تک کم کیا ہے۔

گجرات ٹائٹنس نے پنجاب کنگز کو 3 وکٹوں سے ہرایا

موہالی (یو این آئی) سائی کشور، نور احمد اور موہت کی شاندار گیند بازی کے بعد کپتان شبھمن گل (35) اور راہل تیوتیا کی 36 رنز کی ناقابل شکست اننگز کی بدولت گجرات ٹائٹنز نے اتوار کو انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے 37 ویں میچ میں پنجاب کنگز کو تین وکٹوں سے شکست دے دی۔ آٹھ میچوں میں گجرات کی یہ چوتھی جیت ہے۔ 143 رنز کے ہدف کے تعاقب میں گجرات ٹائٹنس کی شروعات اچھی نہیں رہی اور اس نے چوتھے اوور میں ردھیمان ساہا (13) کا وکٹ گنوا دیا۔ اس کے بعد کپتان شبھمن گل اور سائی سدرشن نے اننگ کو سنبھالا۔ گل نے 29 گیندوں میں پانچ چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنائے۔ سائی سدرشن نے تین چوکوں کی مدد سے 31 رنز بنائے۔ ڈیوڈ ملر (4)، عظمت اللہ عمرزئی (13)، شاہ رخ خان (8)، راشد خان (3) رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ راہل تیوتیا نے 18 گیندوں میں سات چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 36 رنز بنائے۔ گجرات نے 19.1 اوور میں سات وکٹ پر 146 رنز بنا کر میچ تین وکٹ سے جیت لیا۔ پنجاب کنگز کی طرف سے ہرشل پٹیل نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ لیام لیونگسٹن نے دو بلے بازوں کو آؤٹ کیا۔ ارشدیپ سنگھ اور سیم کرن کو ایک ایک وکٹ ملا۔ اس سے قبل پربھسمرن سنگھ (35) اور ہرپریت براڑ (29) کی اننگز کی بدولت پنجاب کنگز نے گجرات ٹائٹنز کو جیت کے لیے 143 رنز کا ہدف دیا۔ آج یہاں مہاراج یادوندرا سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز کے کپتان سیم کرن نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔

کلدیپ کی باؤلنگ ویڈیوز دیکھنے کے منصوبے سے مدد ملی: ابھیشیک شرما

- ہر میچ میں مخالف ٹیم کے اہم گیند بازوں کے خلاف الگ الگ پلان بناتا ہوں
- ہمیں یہ اعتماد پہلے دن سے ملا

نئی دہلی (یو این آئی) سن رائزرس حیدرآباد کے اوپنر ابھیشیک شرما نے کہا کہ دہلی کے گیند باز کلدیپ یادو کی گیند بازی کے مسلسل ویڈیوز دیکھنے کے منصوبے نے انہیں اچھی بلے بازی میں مدد دی۔ میچ کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ابھیشیک نے کہا کہ میں ہر میچ میں مخالف ٹیم کے اہم گیند بازوں کے خلاف الگ الگ پلان بناتا ہوں۔ میں میچ سے ایک دن پہلے ان جیسے نیٹ باؤلر کو نیٹ میں کھیلتا ہوں۔ میں اس بات کو یقینی بناتا ہوں کہ وہ نیٹ باؤلرز ان کے ایک دم ایک جیسے تو نہیں پر ان سے بہت یکساں ہوں۔ اس سے مجھے بہت مدد ملتی ہے۔ میں نے اس میچ سے پہلے کلدیپ کے خلاف بھی منصوبہ بنایا تھا کیونکہ وہ دہلی کا سب سے اہم گیند باز ہے۔ میں اس کی باؤلنگ کی ویڈیوز بھی مسلسل دیکھ رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس بار آئی پی ایل سے پہلے میرے ذہن میں یہ واضح تھا کہ مجھے کس طرح بلے بازی کرنی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ میں نے جو سوچا تھا، میں کھیل کے دوران میدان میں اس پر عمل کرنے میں کامیاب رہا۔ مجھے لگتا ہے کہ میں نے اس ٹورنامنٹ سے پہلے اور سید مشتاق علی ٹرافی کے دوران جو محنت کی وہ میری بہت مدد کر رہی ہے۔ مجھے اس آئی پی ایل کی تیاری میں پنجاب کی ہوم ٹیم سے بھی کافی سپورٹ ملا۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے تمام کوچز اور کپتانوں سے پیغام ملا ہے کہ صرف پچ پر جائیں اور آزادانہ طور پر کھیلیں۔ میرے خیال میں یہ بہت واضح اور بڑا پیغام ہے۔ ایک نوجوان اوپننگ بلے باز کے طور پر آپ کو بس کوچ اور کپتان کے لیے آپ پر اعتماد کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ اعتماد پہلے دن سے ملا ہے اور ہمارا کام صرف وہاں جانا اور اپنا کھیل کھیلنا ہے۔

ہندوستانی گریکو رومن پہلوانوں کو اولمپک کا ٹکٹ نہیں ملا

بشکیک (یو این آئی) ہندوستان کے چھ گریکو رومن پہلوانوں نے اتوار کو ایشیائی اولمپک کوالیفائر میں مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پیرس اولمپک کا کوٹہ حاصل کرنے میں ناکام رہے۔

آج یہاں چار ہندوستانی پہلوان وکاس، سنیل کمار، نتیش اور نوین کو کوارٹر فائنل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس دوران سمت اور آشو کوالیفیکیشن راؤنڈ میں ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے۔ ایشین گیمز کے برونز میڈلسٹ سنیل کمار واحد ہندوستانی پہلوان تھے جنہوں نے بشکیک میں مقابلہ جیتا۔ انہوں نے 87 کلوگرام وزن کے زمرے کے کوالیفیکیشن راؤنڈ میں جاپان کے سو ساکابے کو 5-1 سے شکست دی۔ تاہم، سنیل اپنے آخری آٹھ مقابلے میں دفاعی ایشین گیمز کے چیمپئن ازبکستان کے زناگیسے بردیموراتوف کے خلاف 2-4 سے ہار گئے۔ وکاس کو 77 کلوگرام وزن کے زمرے میں چین کے روئی لیو نے 0-7 سے شکست دی۔ 97 کلوگرام زمرے میں نتیش کی مہم کوارٹر فائنل میں سابق ایشیائی چیمپئن کرغزستان کے اوزور دجوپ بیکوف سے ہارنے کے بعد ختم ہو گئی۔ 130 کلوگرام وزن کے زمرے میں نوین کو جنوبی کوریا کے سیونگچن لی سے 1-9 سے شکست ہوئی۔ ہندوستان کے مرد فری اسٹائل پہلوان بھی بشکیک میں ایشین ریسلنگ اولمپک کوالیفائر سے خالی ہاتھ واپس آئے۔ امن سہراوت پیرس 2024 کا کوٹہ حاصل کرنے سے صرف ایک جیت پیچھے رہ گئے۔ قابل ذکر ہے کہ مئی میں ترکی میں منعقد ہونے والا ورلڈ کوالیفیکیشن ٹورنامنٹ، پیرس 2024 کے لئے فائنل ریسلنگ کوالیفائر ہوگا۔

آئی پی ایل پوائنٹس ٹیبل

ٹیم	میچ	جیت	ہار	پوائنٹس
راجستھان رائلس	7	6	1	12
سن رائزر حیدرآباد	7	5	2	10
کولکاتا نائٹ رائڈرس	7	5	2	10
چنئی سپر کنگس	7	4	3	8
لکھنؤ سپر جائنٹس	7	4	3	8
گجرات ٹائٹنس	8	4	4	8
دہلی کیپٹلس	8	3	5	6
ممبئی انڈینس	7	3	4	6
پنجاب کنگس	8	2	6	4
رائل چیلنجر بنگلور	8	1	7	2